# ادبیات

## غزل

جناب آلم مظفر نگری

برائے امتحانِ عشق جب ہم ناتواں نکلے
آلم جوشِ وفا ذوقِ شہادت ہمعناں نکلے

حریمِ گلستاں روشن ہی حسن بجلی کے جلووں سے
مبادا فصلِ گل میں وہ حریفِ آشیاں نکلے

اُٹھاتے کیا زمین و آسماں بارِ امانت کو
ہمیں دونوں جہاں میں حاملِ بارگراں نکلے

میں سمجھوں کیوں نہ اس بزمِ طرب کو محفلِ ماتم
جہاں ہر نغمۂ عشرت بانداز فغاں نکلے

ازل کے دن لبِ فطرت پہ جو تزئینِ محفل تھے
وہ افسانے حقیقت میں ہماری داستاں نکلے

سُنائی جائیگی پھر کونسی روداد غم ان کو
جو دل کی داستاں بھی داستانِ راگاں نکلے

رہے گرم سفر جو اور نہ پہنچے اپنی منزل تک
وہی اہلِ سفر منزل رسی کے رازداں نکلے

بہ عبرت ہم بھی آخر دیکھ لیں انجامِ فصلِ گل
پئے سیرِ چمن اس واسطے وقتِ خزاں نکلے

ازل سے تا بہ ہستی یہ تمنا ہم کو لے آئی
کہ اس محفل میں شاید کوئی اپنا رازداں نکلے

سلامت ذوقِ آزادی کہ ہم اکثر تصور میں
قفس سے اڑ کے تا گلشن قریبِ آشیاں نکلے

طریقِ بندگیٔ عشق سے گو ہم نہ تھے واقف
مگر سجدے ہمارے پھر بھی زیبِ آستاں نکلے

یہ آئی کونسی منزل نہ ساحل ہے نہ دریا ہے
تمناورِ بحرِ غم کا اب کہاں ڈوبے کہاں نکلے

آلم رتبے جنھیں حاصل تھے عرفانِ حقیقت کے
حقیقت میں وہی آلودۂ وہم و گماں نکلے

## سلام

جناب سعادت نظیر

دیکھنے والے اگر خونِ شہیداں دیکھتے
قطرے قطرے میں مچلتا ایک طوفاں دیکھتے

بھول جاتے منظرِ صبحِ وطن اہلِ وطن
جس گھڑی وہ عالمِ شامِ غریباں دیکھتے

سچ تو یہ ہی جن کے دل میں سوزِ درد و غم نہیں
وہ چراغِ زندگی کو کیا فروزاں دیکھتے

دل سے ہم قائل اگر ہوتے "حسینی عزم" کے
گردشِ دوراں کو بھی محکومِ انساں دیکھتے

آفتابِ عشق سے ہی جن کو نسبت اے نظیر
ظلمتِ شب میں نہ کیوں صبحِ درخشاں دیکھتے